پہلی مرتبہ منفرد اور مثالی انداز عربی اردو انگلش بچوں اور بڑوں کیلئے تحفہ

الادعية المأثورة

مسنون دعائیں

MASNOON DUAEIN

مفتی مصطفی عزیز

الامین اکیڈمی فیصل آباد پاکستان

پیش لفظ

دعا ہی وہ عظیم دروازہ ہے جہاں سے لوگوں اور تمام مخلوقات کی مشکل کشائی اور حاجت روائی ہوتی ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ مخلوقات کی ضروریات لا تعداد اور بے شمار ہیں اور انہیں جاننے والی ذات صرف اور صرف خالق، و قادر اور علیم و رحیم ہے وہی ان ضروریات کو پورا کر سکتا ہے، وہی ہر سائل کی حاجت روائی کرتا ہے، ہر امید وار کی امیدیں پوری کرتا ہے، یہ سب کچھ کرنے کے باوجود اسکے خزانے میں کوئی کمی نہیں آتی، اور نہ ہی اسکے خزانے کبھی ختم ہو سکتے ہیں، جیسے کہ اللہ تعالی نے فرمایا: وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ آسمان اور زمین کے خزانوں کا مالک اللہ ہی ہے [المنافقون: 7] اور پھر فرمایا: إِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِنْ نَّفَادٍ یہ ہماری عنائت ہے جو کبھی ختم نہ ہوگی [ص: 54]

آپ ﷺ نے امت کو صرف ہر موقع کی دعا ہی نہیں سکھائی بلکہ دعامیں بھی تربیت فرمائی اور اللہ تعالی کے ساتھ پل پل جوڑا ہے۔

مسجد الامین میں فجر کی نماز کے بعد اسی سلسلے کو اللہ کے فضل وکرم سے جاری کیا تو سب نے پسند کیا اور میاں محمود صاحب نے تو اسکی ترتیب اور طباعت کا کہہ دیا بس وہی سبب بنے اور اسکو اپنی سعادت سمجھتے ہوئے عمل میں لایا گیا۔

اللہ کریم اس کوشش کو میرے اور انکے اور تمام مسلمانوں کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے اور ہمیں اور تمام امت کو آقادوجہاں ﷺ کی محبت اور اطاعت کا ذریعہ بنائے۔

مصطفی عزیز

27 رمضان المبارک 1439 12 جون 2018

فاضل: جامعة الحسنين فيصل آباد

مدرس: جامعه اسلاميه امداديه فيصل آباد

خادم: الامين مسجد (الامين اكيڈمی) فيصل آباد

مسنون دعائیں

- سونے کی دعا 1
- نیند میں ڈر جائے یا برا خواب دیکھے 2
- سو کر اٹھنے کی دعا 3
- بیت الخلاء جانے کی دعا 4
- بیت الخلاء سے نکل کر یہ دعا پڑھے 5
- وضو شروع کرنے کی دعا 6
- دوران وضو کی دعا 7
- وضو کے بعد کی دعا 8
- مسجد میں داخل ہونے کی دعا 9
- مسجد سے نکلنے کی دعا 10
- اذان کے بعد کی دعا 11
- فرض نماز کے بعد کی دعا 12
- نماز فجر کے بعد کی دعا 13
- کھانا شروع کرنے کی دعا 14
- کھانا کھانے سے قبل بسم اللہ بھول جانے کی دعا 15
- کھانے کے بعد کی دعا 16
- دعوت کھانے کے بعد کی دعا 17
- میزبان کے گھر سے رخصت 18
- دودھ پینے کے بعد کی دعا 19
- روزہ افطار کرتے وقت کی دعا 20
- روزہ افطار کرنے کے بعد کی دعا 21
- کسی کے ہاں روزہ افطار کرے 22
- کپڑے پہننے کی دعا 23
- جب نیا لباس پہنے تو یہ دعا مانگے 24
- سفر کے لئے نکلنے کی دعا 25
- سواری پر بیٹھ کر یہ دعا پڑھے 26
- کسی منزل پر پہنچنے کی دعا 27
- شہر یا بستی میں داخل ہونے کی دعا 28
- سفر سے واپسی کی دعا 29
- بازار جائے تو یہ دعا پڑھے۔ 30

مسنون دعائیں

- گھر سے نکلنے کی دعا 31
- گھر میں داخل ہونے کی دعا 32
- مریض کی عیادت کی دعا 33
- مریض کی شفایابی کی دعا 34
- کوئی مصیبت آئے تو یہ دعا پڑھے 35
- کسی مصیبت زدہ یا فاسق کو دیکھے 36
- صحت، خیریت اور عافیت کی دعا 37
- جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے 38
- دولہا کے لئے دعا 39
- اداء قرض میں آسانی 40
- آندھی آئے تو یہ دعا پڑھے 41
- تعزیت کی دعا 42
- برے اخلاق سے حفاظت 43
- قبرستان میں داخل ہوتے وقت 44
- جب کوئی پسندیدہ چیز دیکھے 45
- جب کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھے 46
- صبح کی دعا 47
- شام کی دعا 48
- کسی کو رخصت کرنے کی دعا 49
- شیطان سے حفاظت اور وسوسے کیلئے 50
- دشمن کا خوف ہو تو یہ دعا پڑھے 51
- شب قدر کی دعا 52
- مجلس سے اٹھنے کی دعا 53



دعاء النوم

سونے کی دعا

Prayer for Sleeping

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى۔

اے اللہ! میں تیرا نام لے کر مرتا اور جیتا ہوں۔

O Allah (Almighty) I live and die in your name.

(رواه البخاری 2/934)



عند الخوف اورؤية السوء فی النوم

نیند میں ڈر جائے یا برا خواب دیکھے

Dua after Having A Bad Dream

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ
عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

میں اللہ تعالیٰ کی پکی باتوں کی پناہ پکڑتا ہوں اس کے غصہ، اس کے عذاب اور اس کی
مخلوق کے شر سے اور شیطانوں کی چھیڑ سے اور اس سے کہ وہ میرے قریب آئیں۔

i seek refuge in the perfect words of Allah from his anger and from his punishment, from the evil of his slaves and from the taunts of devils and from their presence.

(رواہ الترمذی 2/192)



عندالاستیقاظ

سوکراٹھے تو یہ دعا پڑھے

Waking UP From Sleep

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَمَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔

شکر ہے اللہ کا جس نے ہمیں موت کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف جانا ہے

All Praise onto Allah (Almighty) Who granted us life after death (Sleep) and we are return to him.

(رواہ البخاری 2/934 ومسلم 2/348)



اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَآئِثِ۔

اے اللہ! میں آپ کی پناہ پکڑتا ہوں تمام شیاطین (مردوں اور عورتوں) کے شر سے۔

O Allah (Almighty) I seek your refuge from impure Jinnat (male and female)

(رواہ البخاری 1/26،2/936 ومسلم 1/163)



عند خروج المرحاض

بیت الخلاء سے نکل کر یہ دعا پڑھے

After Leaving Toilet

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ۔

شکر ہے اس اللہ کا جس نے مجھ سے گندگی دور کر دی اور مجھ کو عافیت دی۔

Thanks to Allah Almighty Who removed pain from me and granted me relief.

(رواہ ابن ماجہ 26 حدیث ضعیف)



عند بداية الوضوء

وضو شروع کرنے کی دعا

Dua Before Wudu

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

In the name of Allah, the most merciful, the most kind

(رواہ النسائی 1/ 11)



اثناءالوضوء

دوران وضو کی دعا

During Wudu (ablution)

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْۢبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ
لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔

اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے گھر میں وسعت عطاء
فرما،اور میری روزی میں برکت عطاء فرمادیجئے۔

O Allah Azzawajal forgive me and give me abundance and blessing in my house and grant me abundance in my livlihood.

(رواہ النسائی فی عمل الیوم من السنن الکبری 6/24)



بعد الوضوء

وضوء کے بعد کی دعا

After Wudu (ablution)

أَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔

میں دل سے اقرار کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ،وہ اکیلا ہے ،اس کا کوئی شریک نہیں ،اور اقرار کرتا ہوں کہ بے شک محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، اے اللہ ! مجھے توبہ کرنے والوں میں سے بنادے اور مجھے پاک وصاف لوگوں میں سے کردیجئے۔

I bear witness that none has the right to be worshipped but Allah alone, Who has no partner; and I bear witness that Muhammad is His slave and His Messenger. O Allah, make me among those who turn to You in repentance, and make me among those who are purified.

(رواہ مسلم 1/122 الی عبدہ ورسولہ ،والترمذی 1/18)



عند دخول المسجد

مسجد میں داخل ہونے کی دعا

When Entering Masjid

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔

اے اللہ ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجئے۔

O Allah, open the doors of mercy

(رواہ مسلم 1/248)



عندخروج المسجد

مسجد سے نکلنے کی دعا

When Leaving Masjid

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ۔

اے اللہ ! میں آپ کا فضل مانگتا ہوں۔

O Allah, verily i seek from you, your bounty.

(رواہ مسلم 1/248)



بعد الآذان

اذان کے بعد کی دعا

After Azan

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ
وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ ۔

یا اللہ! اس کامل اعلان اور قائم ہونے والی نماز کے مالک، محمد ﷺ کو مقامِ وسیلہ عطا فرما اور ان کی فضیلت میں اضافہ فرما اور ان کو مقامِ محمود پر پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔

O Allah , Lord of this perfect call and established prayer. Grant Muhammad the intercession and favor, and raise him to the honored station You have promised him, [verily You do not neglect promises].

(رواہ البخاری 1/86)



بعد الفریضة المکتوبه

فرض نماز کے بعد کی دعا

After Farz Namaz

اَسْتَغْفِرُ اللهَ اَسْتَغْفِرُ اللهَ اَسْتَغْفِرُ اللهَ
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں
اے اللہ ! تو سلامت رہنے والا ہے اور تجھ سے ہی سلامتی مل سکتی ہے ، تو بابرکت ہے اے بزرگی اور عظمت والے !۔

I seek the forgiveness of Allah (three times) . O Allah, You are Peace and from You comes peace . Blessed are You , O Owner of majesty and honor.

(رواہ مسلم 1/218)



بعد صلاۃ الفجر

نماز فجر کے بعد کی دعا

After Fajr Namaz

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ رِزۡقًا طَیِّبًا وَّ عِلۡمًا نَافِعًا وَّ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا۔

یااللہ! میں تجھ سے پاکیزہ رزق ، علم نافع اور مقبول عمل کا سوال کرتا ہوں۔

O Allah, I ask You for knowledge which is beneficial and sustenance which is good, and deeds which are acceptable.

(رواہ الطبرانی فی الصغیر ،وابن السنی فی عمل الیوم48)



عندبداية الطعام

کھانا شروع کرنے کی دعا

Before Eating Meal

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے

In the name of Allah, the most merciful, the most kind

(مفہوم حدیث البخاری 2/810)



اثناء الطعام

کھانے کے درمیان کی دعا

Forgot To Say Bismillah

شروع میں بسم اللہ بھول جائے تو یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔

اول وآخر اللہ تعالیٰ کے نام ہی سے شروع کرتا ہوں۔

Allah Azzawajal in the name of before and after it.

(رواہ ابوداود 2/171 واللفظ لہ، والترمذی 2/7)



بعد الطعام

کھانے کے بعد کی دعا

After Eating Meal

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَ سَقَانَا وَ جَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ۔

شکر ہے اللہ کا جس نے ہم کو کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا

Thanks to Allah Azzawajal who fed us and made us among Muslims

(رواہ الترمذی 2/184 وابوداود 2/182)



اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ۔

یااللہ ! کھلا اس کو جس نے مجھے کھلایا اور پلااس کو جس نے مجھے پلایا۔

O Allah Azzawajal feed him who fed me and give him to drink who gave to drink.

(رواہ مسلم 2/184)



عند فراغة الضيافة

میزبان کے گھر سے رخصت

Leaving Host Home

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ۔

یااللہ ! ان کے رزق میں برکت عطا فرما، ان کی مغفرت کر اور ان پر رحم فرما۔

O Allah, bless for them, that which You have provided them, forgive them and have mercy upon them.

(رواہ مسلم 2/180 والترمذی 2/182)



بعد شرب الحلیب

دودھ پینے کے بعد کی دعا

After Drinking Milk

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ۔

اے اللہ! اس میں ہمارے لئے برکت عطا فرما اور اس سے زیادہ عطا فرما۔

O Allah Azzawajal give us abundance in this and grant us more then this.

(رواہ الترمذی 2/183)



عندالافطار

روزہ افطار کرتے وقت کی دعا

During Breaking Fast

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ۔

اے اللہ !میں نے تیری رضا کے لئے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق پہ افطار کیا۔

O Allah! I fasted for you and i believe in you [and i put my trust in you] and i break my fast with your sustenance.

(رواہ ابوداور 1/322)



بعدالافطار

روزہ افطار کرنے کے بعد کی دعا

After Breaking Fast

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔

پیاس جاتی رہی اور رگیں تر ہو گئیں اور ثواب ثابت ہو گیا
ان شاء اللہ تعالیٰ۔

Thirst has gone, the veins are moist, and the reward is assured,
if Allah wills.

(رواہ ابو داود 1/321)



عند ضيافة الافطار

کسی کے ہاں روزہ افطار کرے

ENGLISH

اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّآئِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلآئِكَةُ۔

افطار کیا کریں تمہارے یہاں روزہ دار لوگ اور کھایا کریں تمہارا کھانا نیک لوگ اور مغفرت کی دعا کیا کریں تمہارے لئے فرشتے ۔

May the fasting (people) break their fast in your home, and may the dutiful and pious eat your food, and may the angels send prayers upon you.

(رواہ ابوداود 2/182)



عند لبس الثوب

کپڑے پہننے کی دعا

Wearing Clothes

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ
مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ۔

تمام تعریفیں اس ذات گرامی کی جس نے ہمیں یہ پہنایا اور بغیر میری
قوت وطاقت کے مجھے نوازا۔

All Praise is for Allah who has clothed me with this garment and provided it for me, with no power nor might from myself.

(رواہ الحاکم 4/192.193)



عندلبس الثوب الجدید

جب نیا لباس پہنے تو یہ دعا مانگے

Wearing New Clothes

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَآ اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَيَاتِیْ۔

شکر ہے اللہ کا جس نے مجھ کو ایسا لباس پہنایا کہ میں اس سے اپنا ستر ڈھانپتا ہوں اور زینت کرتا ہوں اس سے اپنی زندگی میں۔

All praise belongs to Allah who adorned me with clothing by which I cover (hide) my private areas and by which I obtain beauty in my life.

(رواہ الترمذی 2/ 196، والحاکم 4/193)

عندخروج السفر

سفر کے لئے نکلنے کی دعا

Leaving For Journey




بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ، اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصُوْلُ وَبِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ اَسِيْرُ، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ۔

اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ سفر شروع کرتا ہوں، اللہ پر میں نے بھروسہ کیا ،اے اللہ! آپ ہی کی مدد سے جاتا ہوں اور آپ ہی کی مدد سے واپس آتا ہوں اور آپ ہی کی مدد سے چلتا ہوں، اے اللہ ! آپ ہی رفیق ہیں سفر میں اور خبر گیر ہیں گھر بار میں۔

In the name of Allah, I place my trust in Allah. O Allah, it is with Your help that I attack (the enemy) and with Your help I defend and with Your help I depart. O Allah, You are The Companion on the journey and The Successor over the family

(رواہ احمد 1/418 طبعة جريرة بيروت)



عند ركوب المركب

سواری پر بیٹھ کر یہ دعا پڑھے

Getting On A Vehicle

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ
وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ۔

شکر ہے اللہ کا، پاکی ہے اس ذات کے لئے جس نے اِس کو ہمارے قبضہ میں کردیا اور ہم تو اس کو قابو کرنے والے نہ تھے اور ہم پروردگار کی طرف ضرور لوٹنے والے ہیں۔

all praise for Allah, How far from imperfections He is, The One Who has placed this (transport) at our service, and we ourselves would not have been capable of doing so, and to our Lord is our final destination,

(رواہ مسلم 1/434،والترمذی 2/182۔)



عند وصول المنزل

کسی منزل پر پہنچنے کی دعا

Reaching Destination

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

میں پناہ پکڑتا ہوں اللہ تعالیٰ کی کامل باتوں کی ، تمام مخلوق کی برائی سے۔

I seek refuge in Allah by His complete words from the evils of the creation

(رواہ مسلم 2/347)



عندوصول المدينه/القريه

شہر یا بستی میں داخل ہونے کی دعا

Entering A Town Or City

اَللّٰھُم ارْزُقْنَا جَنَاھَا وَ حَبِّبْنَا اِلٰی اَھْلِھَا وَ حَبِّبْ صَالِحِی اَھْلِھَا اِلَیْنَا

اس کے بعد یہ دعا مانگے اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْھَا

اے اللہ ! ہمیں اس شہر میں برکت دیجئے ، یااللہ ! ہمیں اس کے ثمرات نصیب کیجئے اور اہل شہر کے نزدیک عزیز کیجئے اور یہاں کے نیک لوگوں کی محبت ہمیں دیجئے۔

O Allah, You grant us good in it (the city/populated area). O Allah, grant us the fruit of this place and create love in the people for us and create love in our hearts for the righteous people (of this area).

(رواہ الطبرانی فی المعجم الاوسط 3/331 طبعة جريرة)



عند رجوع السفر

سفر سے واپسی کی دعا

Returning From Journey

آئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ۔

ہم سفر سے آنیوالے ہیں ،توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں ، سجدہ کرنے والے ہیں اور اپنے پروردگار کی حمد کرنے والے ہیں۔

We return, repent, worship and praise our Lord.

(رواہ ابوداود 2/26)



عند دخول السوق

بازار جائے تو یہ دعا پڑھے۔

Entering A Market

بِسۡمِ اللّٰہِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ خَیۡرَ ھٰذِہِ السُّوۡقِ وَخَیۡرَ مَافِیۡھَا
وَاَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شَرِّھَا وَشَرِّ مَافِیۡھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ اَنۡ
اُصِیۡبَ فِیۡھَا یَمِیۡنًا فَاجِرَۃً اَوۡ صَفۡقَۃً خَاسِرَۃً۔

اللہ کے نام سے بازار میں داخل ہوتا ہوں، یااللہ! میں آپ سے اس بازار کی بھلائی مانگتاہوں اور اس چیز کی بھلائی جو اس میں ہے اور آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس کی برائی سے اوراس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے، یااللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ میں اس بازار میں جھوٹی قسم اٹھاؤں یا خسارہ کے معللہ میں پڑجاؤں۔

I entered in the name of Allah, I seek refuge in You (Allah) for the good in the bazaar and for the good of what is in it (the bazaar). O Allah, I seek refuge in you from false oaths and deception in transaction

(رواہ الحاکم 1/539)



عند خروج البیت

گھر سے نکلنے کی دعا

Leaving Home

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ گھر سے نکلتا ہوں، اللہ تعالیٰ پر میں نے بھروسہ کیا، گناہوں سے بچنے اور عبادت کرنے کی توفیق اللہ تعالیٰ ہی دیتے ہیں۔

I depart with Allah's name, relying on Him. It is Allah who saves us from sins with His guidance (the ability to do so)

(رواہ ابوداود 2/39)



عند دخول البيت

گھر میں داخل ہونے کی دعا

Entering Home

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ
اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا۔

اے اللہ !میں سوال کرتا ہوں آپ سے اچھے داخلہ کا اور اچھی طرح نکلنے کا
،اللہ کے نام سے میں داخل ہوا ،اللہ کے نام سے میں نکلااور اپنے رب اللہ
پر میں نے بھروسہ کیا۔

O Allah, I seek a good entry and a good exit. We take Allah's name to enter and to exit and rely on Him who is our Lord.



عند عيادة المريض

مریض کی عیادت کی دعا

Visiting The Sick

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔

کچھ ڈر نہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے۔

There is no problem, If Allah wills, He will purge your sins by this illness.

(رواہ البخاری 1/511)



لشفاء المریض

مریض کی شفایابی کی دعا

Cure Of Any Illness

اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَکَ۔
(سبع مرات)

میں عرش عظیم کے بلند وبالا خدا سے آپ کی صحت کا سوال کرتا ہوں۔
(سات مرتبہ)

I ask Allah who is the Lofty and the Lord of the Mighty
Throne that He cures you

(رواہ ابوداود 2/86)



عندالمصيبة

کوئی مصیبت آئے تو یہ دعا پڑھے

Difficult Times

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِىْ فِىْ مُصِيْبَتِىْ وَاَخْلِفْ لِىْ خَيْرًا مِّنْهَا۔

ہم تو اللہ ہی کے ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں ، اے اللہ ! مجھے اپنی مصیبت میں اجر دے اوراس کا نعم البدل عطا فرما۔

Definitely we are from Allah and to Him is our return. O Allah, grant reward in my calamity and grant in its place a good substitute

(رواہ مسلم 1/300)



عند رؤية المصاب

کسی مصیبت زدہ یا فاسق کو دیکھے

Person In A Difficulty

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ
مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔

تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کی ہیں جس نے بچایا مجھے اس مصیبت سے جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی مخلوق میں سے بہت ساروں پر فضیلت دی۔

All praise belongs to Allah who has saved me from such a condition which is afflicted on you and favoured me over many creations. The virtues of this dua is that the reciter will be saved from the difficulties he has seen.

(رواہ الترمذی 2/181)



عند العافية و الصحة

صحت، خیریت اور عافیت کی دعا

Get Blessings and Mercy

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ۔

اے اللہ ! مجھے ہدایت پر استقامت نصیب فرما اور مجھے رزق عطا فرما اور مجھے
معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما۔

O Allah! Grant me the direction of guidance, and grant me Provision, and forgive me and have mercy upon me.

(رواہ مسلم 2/345)



عند رؤية الهلال

جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے

Seeing New Moon

اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ
وَالْاِسْلَامِ، رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ۔

اللہ بہت بڑا ہے ، یااللہ ! اس چاند کو ہم پر برکت ، ایمان ، سلامتی اور اسلام
کے ساتھ نکالنا ، (اے چاند) میرا اور تیرا رب اللہ ہے ۔

O Allah Azzawajal make this moon come out on us with blessings and with Iman and peace and Islam and make it come out with the ability of that thing which pleases you and that you like. (O moon of the first night my and your Lord is Allah Azzawajal).

(رواہ الترمذی 2/183)



بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِي خَيْرٍ۔

اللہ تعالیٰ آپ دونوں (زوجین) پر برکتیں نازل فرمائیں اور دونوں کو حسن معاشرت عطا فرمائیں۔

Allah Azzwajal bless you and shower (send) blessing on you and place, goodness between both of you.

(رواہ الترمذی 1/207، وابو داود 1/290)



اَللّٰهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

اے اللہ ! اپنے حلال کے ذریعے مجھے حرام سے بچا اور مجھے اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے مستغنی فرمادے۔

May Allah almighty give me enough, give me your Halal provision and save me from Haraam provision and do not make me needy of anyone except yourself by your grace.

(رواہ الترمذی 2/196،والحاکم 1/538وقال صحیح ووافقہ الذہبی)



عندالريح/العاصف

آندھی آئے تو یہ دعا پڑھے

During Wind Storm

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَخَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ
وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا وَشَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ۔

اے اللہ !میں آپ سے اس کی خیر اور جو اس میں ہے اور جس کے ساتھ بھیجی گئی ہے بہتری کا سوال کرتا ہوں اور اس کی برائی اور جو کچھ اس میں ہے اور جس کے ساتھ بھیجی گئی ہے سے پناہ مانگتا ہوں۔

O Allah i ask you for its goodness, the good with in it, and the good it was sent with, and i take refuge with you from its evil, the evil within it, and from the evil it was sent with.

(رواہ مسلم 1/294)



عند التعزية

تعزیت کی دعا

Offering Condolences

اِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطٰى، وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ۔

اللہ ہی کا ہے جو کچھ اس نے لے لیا اور جو کچھ دیا وہ بھی اسی کا ہے اور اس کے یہاں ہر چیز کا وقت متعین ہے ، آپ صبر کریں اور ثواب کی امید رکھیں۔

verily to Allah, belongs what he took and to him belongs what he gave, and everything with him has an appointed time, and then he ordered for her to be patient and hope for Allah's reward.

(رواہ البخاری 1/171،ومسلم 1/301)



لحفاظة سوء الخلق

برے اخلاق سے حفاظت کی دعا

From Bad Manners

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ مُنْکَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ
وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ۔

اے اللہ ! میں برے اخلاق، برے اعمال، بری خواہش اور ظاہری و باطنی بیماریوں
سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔

O Allah I seek refuge in you from Infidelity, Hypocrisy and Bad morality.

(رواہ الحاکم 2/221 والترمذی 2/199)



عند دخول المقبره

قبرستان میں داخل ہوتے وقت کی دعا

Entering Graveyard

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُسْلِمِيْنَ،
وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ نَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَ لَكُمُ الْعَافِيَةَ۔

اے مؤمنو! تم پر سلام ہو، ہم آپ کے پاس جلد آنے والے ہیں، اپنے
لئے اور آپ کے لئے اللہ تعالیٰ سے عافیت و خیریت مانگتے ہیں۔

Peace be upon you O inhabitants of the abodes, believers and Muslims, we will join you if Allah wills, we ask Allah for our and your well being.

(رواہ مسلم 1/314)



عندشيئ محبوب

جب کوئی پسندیدہ چیز دیکھے

Favourite Things

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ۔

شکر ہے اللہ کا جس کے انعام سے اچھی چیزیں کمال کو پہنچتی ہیں ۔

Praise to Allah by whose grace good deeds are completed.

(رواہ ابن السنی،133والحاکم وصححہ)



الدعاء لکل حال

ہر حال میں یہ دعا پڑھیں

Non Favourite Things

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔

ہر حال میں اللہ کا شکر ہے۔

Allah is deserving (worthy) of praise under all circumstances.

(رواه ابن ماجه 270،قال الرميری)

دعاء الصباح

صبح کی دعا

Morning

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْکُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَسْاَلُکَ خَیْرَ ھٰذَا الْیَوْمِ وَفَتْحَہٗ وَنَصْرَہٗ وَنُوْرَہٗ وَبَرَکَتَہٗ
وَھُدَاہُ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَافِیْہِ وَشَرِّ مَابَعْدَہٗ۔

ہم نے اللہ کے ملک میں صبح کی جو تمام جہانوں کا رب ہے، اے اللہ!
میں آپ سے سوال کرتا ہوں اس دن کی بھلائی کا، فتح و نصرت، نور و برکت
اور ہدایت کا، اور اس دن کے بعد کی برائیوں سے پناہ مانگتا ہوں۔

We have entered a new day and with it all the dominion which belongs to Allah, Lord of all that exists. O Allah, I ask You for the goodness of this day, its victory, its help, its light, its blessings, and its guidance. I seek refuge in You from the evil that is in it and from the evil that follows it.

(رواہ ابوداود 2/337)



اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ
خَيْرَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَفَتْحَهَا وَنَصْرَهَا وَنُوْرَهَا وَبَرَكَتَهَا
وَهُدَاهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا۔

ہم نے اللہ کے ملک میں شام کی ،اے اللہ !میں آپ سے اس رات کی
بھلائی کا ،فتح و نصرت ،نوروبرکت اور ہدایت کا سوال کرتا ہوں ،اور اس رات
کی برائی اور اس کے بعد کی برائیوں سے پناہ مانگتا ہوں ۔

The evening has come to me and the whole universe belongs to Allah who is The Lord of the worlds. O Allah, I ask of you the good of the night, it's success and aid and its nur (celestial light) and barakaat (blessings) and seek hidayat (guidance) and refuge from the evil of this night and the evil that is to come later.

(رواہ ابوداود 2/346)



دعاءالوداع

کسی کورخصت کرنے کی دعا

Leaving Someone

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ۔

آپ کا دین ،آپ کی ایمانداری اور اعمال کا اچھا انجام اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں۔

Your religion, your honesty and the best performer of actions, is giving to Allah supreme.

(رواہ ابوداود 1/350 والترمذی 2/182 و الحاکم 2/98)



من حفاظة الشيطان

شیطان سے حفاظت اور وسوسے کیلئے

Hearing Donkey / Dog

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

میں شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔

I seek refuge with Allah from the accursed shaitan

(رواہ ابوداود 2/303 واحمد واسنادہ صحیح)



عند خوف العدو

دشمن کا خوف ہو تو یہ دعا پڑھے

Fearing The Enemy

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

یااللہ !آپ ہی کو دشمن کے سامنے لاتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں۔

O Allah, we make you the turner of the (enemies) chest (heart) and seek refuge in You from their evils

(رواہ ابو داود 1/215)



دعاء ليلة القدر

شب قدر کی دعا

Dua Shab E Qadr

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔

اے اللہ! تو بہت معاف فرمانے والا ہے، معافی کو پسند فرماتا ہے لہٰذا مجھے معاف فرمادے۔

O Allah, you are the Most Forgiving, and One who loves forgiving, therefore forgive me

(رواہ الترمذی 2/191، وابن ماجہ 274)



عندفراغةالمجلس

مجلس سے اٹھنے کی دعا


Rising From A Gathering

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَلَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔


اے اللہ !تو پاک ہے اور تیری ہی تعریف ہے ، گواہی دیتا ہوں کہ تیرے
سوا کوئی معبود نہیں ،آپ سے مغفرت چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔

O Allah, You are pure, I praise You and testify that there is none worthy of worship besides You. I seek forgiveness and pardon from You*. If there was good talk in the gathering, this dua will seal it and if there was futile and vain talk, then this dua will recompense for it.

(رواہ الترمذی 2/181)







AL-AMEEN ACADEMY

الأمين

الامین اکیڈمی فیصل آباد

AL AMIN ACADEMY WWW.ALAMINACADEMY.COM

923008666900 923348998999 923218665400 923247313002

GRAPHIC HAROON SAEED DURRANI